# MTA جرمنی کے کارکنان کی حضور انور ایدہ اللہ کے ساتھ ایک میٹنگ

پروگرام کے مطابق پچھلے پہر MTA جرمنی کے کارکنان کی حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کے ساتھ ایک میٹنگ کا انعقاد تھا۔ پانچ بج کر 35 منٹ پر حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز اس پروگرام کے لئے تشریف لائے۔ پروگرام کا آغاز تلاوت قرآن کریم سے ہوا جو مکرم فاتح احمد صاحب نے پیش کی۔ بعد ازاں اس کا اردو ترجمہ مکرم رفیق احمد شاہد صاحب اور جرمن ترجمہ سلمان صاحب نے پیش کیا۔ اس کے بعد مکرم امیر صاحب جرمنی نے اپنا مختصر ایڈریس پیش کیا۔

❁...... امیر صاحب جرمنی نے MTA جرمنی کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ ہم MTA جرمنی کو MTA انٹرنیشنل لندن یوکے کا ایک بچہ کہہ سکتے ہیں یا ایک بھائی کہہ سکتے ہیں۔ امیر صاحب نے اختصار کے ساتھ MTA کے حوالہ سے بعض امور کا ذکر کیا۔

❁...... امیر صاحب جرمنی کے مختصر ایڈریس کے بعد مکرم مظفر احمد صاحب نیشنل سیکرٹری سمعی و بصری و انچارج MTA انٹرنیشنل (جرمن اسٹوڈیوز) نے اپنی رپورٹ پیش کرتے ہوئے بتایا کہ:

MTA (جرمن اسٹوڈیوز) کے اپنے دو جماعتی اسٹوڈیوز ہیں۔ ایک ''مبشر اسٹوڈیوز فرینکفرٹ'' اور دوسرا ''مسرور اسٹوڈیوز کولون''۔ مسرور اسٹوڈیوز کی توسیع اور ازسرِنو Renovation کے بعد اس کا افتتاح حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے جون 2011ء میں فرمایا تھا۔

Open TV-Channels کے ساتھ تعاون کے ذریعہ قائم شدہ پروڈکشن سینٹرز کی تعداد چھ ہے اور تیاری و ٹریننگ کے مراحل میں نئے پروڈکشن سینٹرز کی تعداد 20 ہے۔

MTA جرمنی کے تحت تیار ہونے والی سیریز کی کُل تعداد 18 ہے۔ ہر ماہ قریباً دس گھنٹے کے پروگرام تیار کئے جاتے ہیں۔

گزشتہ پانچ سالوں میں تیار کی جانے والی ڈاکومینٹریز کی تعداد 9 ہے۔

نیشنل سیکریٹری سمعی بصری نے بتایا کہ: اس سارے نظام کو کنٹرول کرنے کے لئے ایک مرکزی مینیجمنٹ بورڈ تشکیل دیا گیا ہے۔ جس میں کل سولہ شعبہ جات ہیں۔ ایم ٹی اے انٹرنیشنل کے چار مختلف ڈسٹری بیوشن چینل ہیں، جن میں اولین MTA2 پر چلنے والی جرمن سروس ہے۔ MTA2 پر ہر روز ایک گھنٹہ جرمن سروس چلتی ہے، جس میں مختلف پروگرام دکھائے جاتے ہیں۔ اس طرح مہینہ میں 22 گھنٹے کے جرمن پروگرام مرکز لندن کو ارسال کئے جاتے ہیں۔ اس کے علاوہ حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی منظوری سے MTA (جرمن سٹوڈیو) کے اپنے YouTube چینل کا اجراء کیا گیا ہے۔ اس وقت اس چینل کے کل clicks کی تعداد پانچ لاکھ سے اوپر پہنچ چکی ہے اور subscribers کی تعداد قریباً آٹھ سو ہو چکی ہے۔ حضور انور کی اجازت سے چوبیس گھنٹے کا پروگرام نشر کیا جاتا ہے اور اسے دہرایا جاتا ہے۔ یہ web stream تمام موبائل devices پر دیکھی جا سکتی ہے۔ اس کے علاوہ جرمنی میں موجود دیگر open TV channels میں ایم ٹی اے جرمن سٹوڈیو کے تیار شدہ پروگراموں کو چلوایا جاتا ہے۔ ایسے open TV چینلز کی تعداد 30 ہے۔

سیکریٹری صاحب سمعی بصری نے بتایا: حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے اپریل 2011ء میں ایم ٹی اے انٹرنیشنل کانفرنس کے موقع پر فرمایا تھا کہ: ''ایک نیا جذبہ اور جوش ہر لیول پر نظر آتا ہو۔ کیمرہ مین ہیں، پروڈکشن کے لوگ ہیں، گرافکس کے لوگ ہیں یا اور مختلف شعبے جو ہیں، ٹیلی وژن سے متعلقہ ہر شعبہ کے لوگوں کو تلاش کریں، نوجوانوں کو احمدیوں میں اور مل جائیں گے۔ اور پھر ایک نئے سرے سے، نئے جذبے سے اس ٹیم کو بڑھاتے چلے جائیں اور نئے نئے پروگرام بنائیں۔''

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کے اس ارشاد کو سامنے رکھتے ہوئے شعبہ سمعی بصری جرمنی کے طول و عرض میں ایم ٹی اے کے لئے نئی پروڈکشن ٹیموں کے قیام کے لئے کوشاں ہے۔ بالخصوص جرمنی میں موجود Open TV چینلز جو کہ حکومتی انتظام کے تحت چلنے والے چھوٹے علاقائی ٹیلی وژن سینٹرز ہیں، کی سہولت کو سامنے رکھتے ہوئے شعبہ اولین طور پر ان شہروں میں جہاں یہ Open TV چینلز موجود ہیں، وہاں کی جماعتوں کو ایم ٹی اے کی ٹیمیں تیار کرنے کی طرف توجہ دلا رہا ہے۔ تاہم ضرورت تو اس امر کی ہے کہ ہر جماعت کی اپنی ایم ٹی اے کی ٹیم علیحدہ موجود ہو تا کہ نہ صرف وہاں کی جماعتی ایکٹیوٹیز کو وہ ٹیم خود ریکارڈ کر سکے بلکہ پروگراموں کی تیاری میں مرکزی ٹیم کا ہاتھ بٹا سکے۔ اس سے نہ صرف پروگراموں کی تیاری میں مدد ملے گی بلکہ تمام جماعتوں میں ایسا ماحول قائم ہو سکے گا جہاں ٹیلی وژن پروڈکشن سے متعلقہ تمام شعبہ جات کے لئے ٹیلنٹ خود بخود ابھر کر سامنے آئے گا۔ اس مقصد کے لئے شعبہ سمعی بصری دورہ جات کے دوران حضور انور کی اس ہدایت کو احباب کے سامنے رکھتا ہے اور بعد ازاں باقاعدہ دو روزہ عملی ٹریننگ بھی دیتا ہے۔ ان ٹریننگز میں ایڈیٹنگ، انٹرویوز کرنا، بنیادی کیمرہ ورک، اسکرپٹ تیار کرنا، آواز ڈب کرنا، پروگرام کو host کرنا اور دیگر بہت سے امور سکھائے جاتے ہیں۔ گزشتہ تقریباً ایک سال کے عرصہ میں ایسی 22 ٹریننگ کلاسز کا انعقاد کیا گیا ہے۔

اس کے بعد ایم ٹی اے جرمن سٹوڈیوز کی مختلف پروڈکشن کے کچھ clips پیش کئے گئے۔

بعد ازاں حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے ہدایات سے نوازا۔